یادداشت

17

درس هفدهم

قدرتِ خدا

(خدا کی قدرت)

سبق کا تعارف

یہ سبق ایک چھوٹی سی نظم پر مشتمل ہے۔ اس میں خدا کی قدرت کے نمونے دکھائے گئے ہیں۔ شاعر نے اس نظم میں بتایا ہے کہ ہم جب اپنے چاروں طرف نظر ڈالتے ہیں تو ہر طرف خدا کی قدرت کے مظاہر ہم کو دکھائی دیتے ہیں۔ اس نے ان چیزوں سے دنیا کو حسین و خوبصورت بنادیا ہے ۔ اس مختصر سی نظم میں شاعر نے اپنے اچھوتے انداز میں کم الفاظ کے استعمال کے باوجود معانی کا سمندر کوزے میں بھردیا ہے۔

اس سبق سے آپ سیکھیں گے

- ایسی نظم کو جس میں خدا کی تعریف بیان کی جائے، 'حمد' کہتے ہیں۔
- نئے الفاظ سے واقفیت ہوگی۔

◆ کم سے کم الفاظ میں بڑے اور وسیع مفہوم کو ادا کرنے کا طریقہ۔

یادداشت

17.1 اصل متن

قدرتِ خدا

هر چه که بیند دیده　　خدایش آفریده
خورشید و ماهِ تابان　　ستارۂ درخشان
درخت و سبزه و گل　　سوسن و سرو و سنبل
جنگل و دشت و دریا　　پرندگانِ زیبا
این همه را به قدرت
خدا نموده خلقت

17.2 الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تابان	روشن/ درخشان/ چمکتا ہوا	خدایش	ان کو خدا نے
آفریده	پیدا کیا ہے	بیند	دیکھتی ہے
دیده	آنکھ/چشم	خورشید	سورج
ماه	چاند	درخشان	چمکدار
سوسن	آسمانی رنگ کا ایک پھول جس میں پانچ پتیاں ہوتی ہیں۔		
سرو	ایک درخت کا نام جو سیدھا اوپر کی طرف جاتا ہے، محبوب کے قد کو اس سے تشبیہ دی جاتی ہے۔		
سنبل	ایک پھول کا نام/ بالچھڑ	دشت	بیابان/ جنگل/صحرا



یادداشت

دریا	سمندر	پرندگان	پرندے
همه	سب کچھ	قدرت	طاقت
نموده خلقت	پیدا کیا ہے/خلق کیا ہے		

17.3 ترجمہ

جو کچھ بھی آنکھ دیکھتی ہے، اس کو خدا نے ہی پیدا کیا ہے۔

سورج اور چمکتا چاند، جگمگاتے ستارے، پیڑ، سبزہ اور پھول (چاہے) سوسن کے ہوں، یا سنبل کے، جنگل، صحرا اور دریا (یا) خوبصورت پرندے۔

ان سب کو خدا نے اپنی قدرت سے پیدا کیا ہے۔

17.4 متن پر مبنی سوالات

الف: ان سوالات کے جواب دیجیے:

1- خدا چه چیزها را آفریده است؟

2- ما از چشم های خود چه چیزها را می بینیم؟

3- خدا با قدرتِ خود چه چیزها را خلقت کرده است؟

4- خدا کدام گلها را آفریده است؟

5- پرندگان زیبا را کی آفریده است؟

ب: ان الفاظ کے معنی لکھیے:

تابان	دیده
زیبا	پرندگان
قدرت	همه

یادداشت

ج: خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے:

1- خدا در آسمان خورشید را ....

2- خدا ماه تابان .... ؟

3- خدا همه چیز را به .... آفریده است.

4- خدا پرندگان .... را آفرید.

5- خدا .... و .... را آفرید.

17.5 درج ذیل سوالوں کی خوب مشق کیجیے:

1- اس نظم کو اپنی کاپی میں لکھیے۔

2- اس نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

3- اس نظم کا مطلب آسان فارسی میں لکھیے۔

17.6 اس سبق سے آپ نے سیکھا

- حمد سے واقفیت ہوئی۔
- نئے الفاظ اور جدید ترکیبوں سے واقفیت ہوئی۔
- کم الفاظ کے میں وسیع مفہوم کو کیسے ادا کیا جاتا ہے۔

17.7 متن پر مبنی سوالات کے جوابات

الف: سوالوں کے جواب:

1- خدا همهٔ چیز را آفریده است.

2- آنچه را که خدا آفریده است، می بینیم.

یادداشت

3- خدا با قدرت خود همهٔ چیزها را آفریده است.

4- خدا گل، سوسن، سرو و سنبل را آفریده است.

5- پرندگان زیبا را خدا آفریده است.

ب: الفاظ کے معانی:

چمکدار	آنکھ
خوبصورت	پرندے
خدا کی طاقت/قدرت	سب کچھ

ج: خالی جگہوں کے الفاظ:

1- آفرید	2- را آفرید
3- قدرت	4- زیبا
5- ماه/خورشید	